ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((688

01.11.2022

بہاول پور( ) پنجاب پولیس میں بھرتی کے خواہشمند امیدواران کی طرف سے فارم جمع کروانے کا سلسلہ جاری،امیدواران کی سہولت کے لیے ڈسٹرکٹ پولیس لائنز میں 07 کاؤنٹر قائم کیے گئے ہیں۔ڈی پی او بہاولپور کا ڈسٹرکٹ پولیس لائنز میں بھرتی کاؤنٹرز کا وزٹ،سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا اور ضروری ہدایت جاری کیں۔

تفصیل کے مطابق بھرتی برائے کانسٹیبلان ولیڈی کانسٹیبلان ڈسٹرکٹ پولیس،اسسٹنٹ ٹریفک پولیس میں بھرتی کے خواہشمند امیدواران کی طرف سے ڈسٹرکٹ پولیس لائنز میں فارم جمع کروانے کا سلسلہ جاری ہے۔فارم جمع کروانے کے لیے امیدواران کے لیے 07 علیحدہ علیحدہ کاؤنٹرز بنائے گئے ہیں۔جہاں پر امیدواران درخواست فارم معہ تصدیق شدہ کاغذات مورخہ 01.11.2022 تا 15.11.2022 تک جمع کروا سکتے ہیں۔کنسٹیبل و لیڈی کنسٹیبل ڈسٹرکٹ پولیس اور اسسٹنٹ ٹریفک پولیس میں مرد وخواتین امیدوار فارم جمع کروا سکتے ہیں۔امیدواران کے کاغذات کی مکمل جانچ پڑتال کے بعد جمع کیے جا رہے ہیں۔اس موقع پر ڈی پی او نے بات کرتے ہوئے کہا کہ بھرتی کے تمام مراحل 100 فیصد میرٹ پر مکمل کیے جا رہے ہیں کسی کے ساتھ ناانصافی نہیں ہوگی اور صرف وہی امیدوار اہل ہوں گے جو میرٹ پر آئیں گے۔بھرتی میں شفافیت کو مدنظر رکھتے ہوئے امیدواروں کی بائیومیٹرک ویری فیکیشن بھی کی جا رہی ہے۔امیدواران کی سیکیورٹی کے لیے بہترین انتظامات کیے گئے ہیں۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاول پور: پنجاب پولیس میں بھرتی کے خواہشمند امیدواران کی طرف سے فارم جمع کروانے کا سلسلہ جاری۔

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((689

01.11.2022

بہاولپور() پولیس کی جانب سے سمارٹ پولیسنگ کے ذریعے مشکوک اشخاص وگاڑیوں کی چیکنگ کا سلسلہ جاری، گذشتہ ماہ اکتوبر 2022 میں 133019 مشکوک لوگوں کو چیک کیا جس کے تناظر میں مجرمان اشتہاری کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 56 اشتہاری اور 23 عدالتی مفروران کو گرفتار کرلیا گیا۔ جبکہ کل 434691 مشکوک گاڑیوں کو چیک کیا گیا جس پر 147 پولیس کو مطلوب گاڑیوں کا سراغ لگایا گیا جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لاتے ہوئے جرائم پیشہ افراد کی سرکوبی کی جارہی ہے۔ جرائم سے پاک معاشرہ ہمارا عزم ہے، ڈی پی او عبادت نثار

تفصیل کے مطابق ڈی پی او بہاولپور عبادت نثار کی ہدایت پر جرائم پیشہ افراد کی سرکوبی کا سلسلہ جاری ہے۔ ماہ اکتوبر 2022 میں بہاولپور پولیس نے سمارٹ پولیسنگ کے ذریعے چیکنگ کا سلسلہ کا جاری رکھا ہوا ہے، جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لاتے ہوئے مشکوک افراد، مشکوک گاڑیوں کی چیک جاری ہے، دوران چیکنگ 133019 مشکوک لوگوں کو چیک کیا جس کے تناظر میں مجرمان اشتہاری کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 56 اشتہاری اور 23 عدالتی مفرران کو گرفتار کرلیا۔ جبکہ کل 434691 مشکوک گاڑیوں کو چیک کیا گیا جس پر 147 پولیس کو مطلوب گاڑیوں کا سراغ لگایا گیا۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار نے پولیس افسران کو ہدایات جاری کیں کہ روزانہ کی بنیاد پر ایسی کارروائیوں کو مزید تیز کیا جائے، میری پالیسی بہت کلیئر ہے جو بھی آفیسر Crime Control اور Crime Prevention میں برتری لے گا وہی آفیسر میرا فیورٹ ہے اور جو کوئی آفیسر ٹائم پاس کرے گا اس کو کسی ذمہ دار سیٹ پر رہنے کا کوئی حق نہیں ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاولپور پولیس کے جانب سے سمارٹ پولیسنگ کے ذریعے مشکوک اشخاص وگاڑیوں کی چیکنگ کا سلسلہ جاری

ڈسٹرکٹ پولیس آفس /شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((690

01.11.2022

بہاول پور))ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی ہدایت پر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کاروائی جاری گذشتہ 02 روز میں 21 ملزمان گرفتار،05 کلوگرام چرس،102 لیٹر دیسی شراب،04عدد پسٹل 30 بوراور 01 عدد پسٹل 9 ایم ایم برآمد،مقدمات درج۔سماج دشمن عناصر کے خلاف اسی طرح کارروائیاں جاری رکھی جائیں،معاشرتی برائیوں کے خاتمے اور جرائم کی سرکوبی کے لیے بہاول پور پولیس دن رات کوشاں ہے،ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار۔

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب فیصل شاہکار کی پالیسی "جرائم سے پاک معاشرہ' 'اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب ڈاکٹر احسان صادق کے احکامات کی روشنی میں معاشرے کو منشیات سے پاک کرنے کے لئے بھاولپور پولیس کی انسدادِ منشیات مہم مسلسل جاری ہے۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی ہدایات کی روشنی میں متعدد ملزمان کو گرفتار کر کے ان سے منشیات واسلحہ ناجائز برآمد کرلیا۔تھانہ قائمپور، ڈیرہ نواب اور صدر یزمان پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کاروائیاں کرتے ہوئے ملزمان کاشف، اصغر اور الطاف کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 122 لیٹر دیسی شراب برآمد کرلی۔تھانہ کوتوالی، عباسنگر، دھوڑکوٹ پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے ملزم شوکت علی، راشد، ارشد اور اورنگزیب کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 04 کلو910 گرام سے ذائد چرس برآمد کرلی۔جبکہ تھانہ بغدادالجدید ،سٹی یزمان اور سٹی حاصل پور پولیس نے ناجائز اسلحہ رکھنے والے کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ملزمان ایاز، فہیم،عمار زکا، الیاس اور آصف کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 04عدد پسٹل 30 بوراور 01 عدد پسٹل 9 ایم ایم برآمد کرلیے۔اسی طرح تھانہ مسافرخانہ پولیس نے قمار بازوں کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے 09 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے داؤ پر لگی رقم اور جوئے کا سامان برآمد کرلیا۔گرفتار ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج رجسٹر کر لیے گئے۔ڈی پی او عبادت نثار نے اس حوالے سے اپنے پیغام میں کہا کہ سماج دشمن عناصر کے خلاف اسی طرح کارروائیاں جاری رکھی جائیں،معاشرتی برائیوں کے خاتمے اور جرائم کی سرکوبی کے لیے بہاول پور پولیس دن رات کوشاں ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاولپور:پولیس کا سماج دشمن عناصر کے خلاف اسی طرح کارروائیاں،گذشتہ 02 روز میں 21 ملزمان گرفتار،مقدمات درج۔